مالی اعانت کی پالیسی کا سادہ زبان میں خلاصہ

Inova Specialty Hospital ایسے مریضوں کے لیے طبی طور پر ضروری نگہداشت کے لیے مالی اعانت فراہم کرتا ہے، جو ادائیگی کرنے سے قاصر ہیں۔ Inova Specialty Hospital میں دستیاب مالی اعانت کا ذیل میں خلاصہ دیا گیا ہے۔

پیش کردہ مالی اعانت۔ اگر آپ کا بیمہ نہیں ہوا، تو ہم طبی طور پر ضروری نگہداشت کے لیے مالی اعانت فراہم کرتے ہیں۔ اہل نگہداشت میں طبی طور پر ضروری خدمات شامل ہیں جیسا کہ Medicare کی جانب سے واضح کیا گیا ہے (خدمات یا آئٹمز جو بیماری یا چوٹ کے معائنے یا علاج کے لیے معقول اور ضروری ہوں)۔

مالی اعانت موصول کرنے کے لیے، آپ درج ذیل دونوں معیار پر پورا اترتے ہوں: (a) سالانہ خاندانی آمدنی وفاقی غربت کی آمدنی کے رہنما خطوط (Federal Poverty Income Guidelines, FPG) کے 400% سے متجاوز نہ ہو؛ اور (b) دولت مشترکہ Virginia میں کم از کم 90 دن کے لیے مقیم رہ چکے ہوں۔

اگر آپ کے خاندان کی آمدنی FPG کے 400% سے متجاوز نہیں ہے، تو آپ کو بلا معاوضہ نگہداشت، یا انشورنس کی ادائیگی کے بعد مریض کی لائیبلیٹی کا 100% معاف کیا جائے گا۔ 100% قابل ادائیگی فیسوں کی معافی کم بیمہ شدہ اور کچھ دوسرے مریضوں کے لئے بھی دستیاب ہو سکتی ہے جن کی خاندانی آمدنی FPG کے 400% تک ہے۔ تمام درخواست دہندگان کی Medicaid کوریج کے لئے جانچ کی جائے گی اور انہیں مالی اعانت کے لئے اہل سمجھنے جانے کے لیے Medicaid کے نمائندوں کے ساتھ تعاون کرنا ہو گا۔

اہل ہونے کے اضافی طریقے۔ اگر آپ مذکورہ بالا معیار کے مطابق مالی اعانت کے تحت نہیں آتے، تو آپ کو غیر معمولی یا خصوصی طبی حالات ہونے کی صورت میں مالی اعانت کے لیے کیس بہ کیس زیر غور لایا جائے گا۔ اہل ہونے کے لیے ان اضافی طریقہ کاروں کے بارے میں ہم سے رابطہ کریں۔

آپ سے کیا بل وصول کیا جائے گا۔ اگر آپ ہماری پالیسی کے تحت مالی اعانت موصول کرتے ہیں، تو آپ سے طبی طور پر ضروری نگہداشت کے لیے اس رقم سے زیادہ بل وصول نہیں کیا جائے گا جو کہ ہم عموماً Medicare کوریج کے حامل مریضوں سے وصول کرتے ہیں۔

ہماری پالیسی اور درخواست کی نقول حاصل کرنے کا طریقہ۔ آپ مکمل مالی اعانت کی پالیسی، سادہ زبان میں خلاصہ، اور درخواست فارم کی ایک کاپی مندرجہ ذیل طریقوں میں سے کسی کے ذریعے مفت حاصل کر سکتے ہیں: ہماری سہولت گاہ بمقام 2501 Parkers Lane, 4th Floor, Alexandria, Virginia 22306 پر ہمارے داخلہ جاتی مقامات سے لے سکتے ہیں؛ https://www.selectspecialtyhospitals.com/locations-and-tours/va/alexandria/inova/ پر آن لائن؛ یا ہمارے داخلہ جاتی شعبے کو 571-547-3600 پر کال کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

مدد حاصل کرنے کے لیے درخواست کیسے دی جائے۔ آپ داخلے کے دوران کسی بھی وقت یا بلنگ کے عمل کے دوران ایک درخواست مکمل کر کے جمع کرواتے ہوئے اور آمدنی کی معلومات فراہم کرتے ہوئے درخواست دے سکتے ہیں۔ تمام مالی اعانت کی درخواستیں، خواہ بالمشافہ، آن لائن، فراہم کی گئی یا بذریعہ ڈاک مکمل کر کے بھیجی گئی ہوں، جائزے اور عمل کاری کے لیے ہمارے مرکزی کاروباری دفتر(Central Business Office) بھیجی جائیں گی۔ اگر آپ کو درخواست دینے میں مدد درکار ہو، تو براہ کرم ہماری سہولت گاہ کے داخلہ جاتی محکمہ سے رابطہ کریں یا ہمارے مرکزی کاروباری دفتر کو 888.868.1103 پر کال کریں۔

ہماری مالی اعانت کی پالیسی کی نقول، درخواست کا فارم اور یہ خلاصہ انگریزی، امہاری، عربی، چینی/مینڈرین، دری، فارسی، کوریائی، ہسپانوی، اردو، اور ویتنامی زبان میں دستیاب ہیں۔

(بالکل یہی جملے امہاری، عربی، چینی/مینڈرین، دری، فارسی، کوریائی، ہسپانوی، اردو، اور ویتنامی میں شائع ہوئے ہیں)۔